بڑا خزانہ

سعودی کے قلم سے

اللہ تعالیٰ کا کلام..... قرآن مجید سارا کا سارا بہت افضل، بہت اعلیٰ اور بہت شاندار ہے..... پھر اس عظیم کلام میں سب سے افضل، سب سے اعلیٰ اور سب سے بہتر..... آیۃ الکرسی ہے.....

آیۃ تو جب پڑھ لیتے ہیں..... اللّٰہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم (الآیۃ)

چار طبقے

"آیۃ الکرسی" تقریباً ہر مسلمان کو یاد ہوتی ہے..... یہ آیت مبارکہ آسان بھی ہے..... اکثر مسلمانوں کو یہ بھی علم ہے کہ یہ آیت قرآن مجید کی سب سے زیادہ عظمت والی آیت ہے..... اکثر مسلمان یہ بھی جانتے ہیں کہ "آیۃ الکرسی" دنیا کے ہر خزانے اور دولت سے بڑھ کر ہے..... مگر پھر بھی اکثر لوگ "آیۃ الکرسی" کا زیادہ اہتمام نہیں کرتے..... بات دراصل یہ ہے کہ "آیۃ الکرسی" بہت اونچی نعمت ہے..... یہ نعمت اللہ تعالیٰ ہر کسی کو عطاء نہیں فرماتے..... یہ بہت بڑا اشمالی خزانہ ہے..... یہ خزانہ ہر کسی کو نہیں دیا جاتا..... یہ ایک خاص قسم کی طاقت ہے..... یہ طاقت ہر کسی کو نہیں ملتی..... اس لئے آپ نے دیکھا ہوگا کہ لوگ طرح طرح کے وظائف میں گھنٹوں لگا دیتے ہیں..... مگر "آیۃ الکرسی" نہیں پڑھتے.....

عاملوں کے دروازوں پر گھنٹوں بیٹھے رہتے ہیں..... مگر سب سے بڑا عمل یعنی "آیۃ الکرسی" نہیں اپناتے..... بلکہ حالت یہاں تک جا پہنچی ہے کہ..... اگر آپ سے کوئی شخص کوئی خاص عمل پوچھے اور آپ اسے "آیۃ الکرسی" بتا دیں تو وہ مایوس نگاہوں سے دیکھنے لگتا ہے..... کیونکہ وہ "آیۃ الکرسی" کو خاص عمل نہیں سمجھتا..... ہاں اگر اجنبی الفاظ والی دعائیں بتا دو تو وہ خوش ہو جاتا ہے.....

یہ سب کچھ اس لئے ہے کہ..... "آیۃ الکرسی" صرف چار طبقوں کو اہتمام کے ساتھ نصیب ہوتی ہے:

1. انبیاء علیہم السلام کو..... اب نبوت کا دروازہ بند ہو چکا ہے.....
2. صدیقین کو..... یہ دروازہ کھلا ہے مگر "صدیق" کا بلند مقام بہت کم افراد کو ملتا ہے..... "وقلیل من الآخرین"
3. وہ شخص جس سے اللہ تعالیٰ محبت فرماتے ہیں..... اسے "آیۃ الکرسی" کا اہتمام نصیب ہوتا ہے..... یہ دروازہ کھلا ہے..... اللہ تعالیٰ ہمیں اس طبقے میں شامل فرمائے
4. وہ شخص جس نے اللہ تعالیٰ کے راستے میں قتل یعنی شہید ہونا ہو..... اسے "آیۃ الکرسی" کا اہتمام نصیب ہوتا ہے..... اللہ تعالیٰ مجھے اور آپ میں سے جو چاہتا ہو اسے یہ مقام عطاء فرمائے.....

بھائیو! اور بہنو! "آیۃ الکرسی" بڑی نعمت ہے..... بہت عظیم نعمت..... زندگی کے سانس باقی ہیں اس نعمت کا زیادہ سے زیادہ ذخیرہ جمع کر لو..... آیئے دل کے شوق سے پڑھتے ہیں..... اللّٰہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم (الآیۃ)

مردود کا برا حال

اس زمانے کے ایک بڑے شیطان "نریندر مودی" کا آج کل بہت برا حال ہے..... مودی میں اگر تھوڑی سی غیرت ہوتی تو وہ خودکشی کر لیتا..... مگر غیرت کہاں؟..... کشمیر کا احتجاج اس سے سنبھالا نہیں جا رہا..... اللہ تعالیٰ اہل کشمیر کو غلبہ اور فتحیاب عطاء فرمائے..... پٹھان کوٹ پر حملے کے بعد مودی نے بعض بڑے بڑے دعوے کر لئے..... مگر وہ اپنا کیا دعویٰ بھی پورا نہ کر سکا..... اندری پر حملے کے بعد اس نے کارروائی کی دھمکی دی..... مگر دھوتی میں ہی سرجیکل سٹرائیک ہو گیا..... سارک کانفرنس منسوخ کرا کے پاکستان کو تنہا کرنے کی بات کی..... مگر خود اپنی دولتی پالیسیوں کی وجہ سے ہر جگہ منقلک ہو گیا..... پاکستان کا پانی بند کرنے کی دھمکی دی..... مگر خود اس کا اپنا پانی لداخ کا راستہ بدل گیا..... ابھی پانچ ملکوں کے اجلاس میں پھر مجاہدین کا مسئلہ اٹھایا تو چینی صدر نے ایسا ڈبل کیا کہ مودی کو "چنگ چی" بنا دیا..... ایک ذلت کے بعد دوسری ذلت..... ایک رسوائی کے بعد دوسری رسوائی..... کاش پاکستان کی سیاسی حکومت میں کچھ دم ہوتا تو..... اب تک نقشہ ہی بدل چکا ہوتا..... اہل کشمیر کی جرأت و استقامت کو سلام..... عظیم عرش اور عظیم کرسی کا مالک..... اللہ تعالیٰ اہل ایمان کے ساتھ ہے..... آیئے دامنہ جذبے سے پڑھتے ہیں..... اللّٰہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم (الآیۃ)

عجیب نکتہ

"آیۃ الکرسی" کے بارے میں احادیث، روایات اور اقوال بہت زیادہ ہیں..... اس عظیم الشان "آیت مبارکہ" کی فضیلت صحیح احادیث میں بھی آئی ہے..... اور بہت سی ضعیف روایات بھی اس کے فضائل بیان کرتی ہیں..... امت مسلمہ کے ائمہ، محدثین اور صوفیائے اس آیت مبارکہ پر مستقل کتابیں لکھی ہیں..... اور اس کے عجیب و غریب فضائل و خواص بیان فرمائے ہیں..... ہمیں اپنی نظر "احادیث صحیحہ" پر رکھنی چاہیے..... اور ان سے "آیۃ الکرسی" کا مقام سمجھنا چاہیے..... "احادیث صحیحہ" میں آیت الکرسی کا ایک خاص فائدہ یہ مذکور ہے کہ..... یہ آیت مبارکہ شیطان کو بھگاتی ہے..... شیطان کے شر، وسوسے اور نقصان سے بچاتی ہے..... اور اس کا پڑھنے والا ایک ایسی خاص حفاظت میں آ جاتا ہے جس حفاظت کو شیاطین نہیں توڑ سکتے..... اور آیۃ الکرسی پڑھنے والے کے لئے اللہ تعالیٰ حفاظت کے خاص فرشتے نازل فرماتا ہے..... یہ مضمون کئی احادیث مبارکہ میں آیا ہے..... اس سے بعض اہل علم نے یہ عجیب نکتہ سمجھا ہے کہ..... آیۃ الکرسی انسان کو شیطان، جن، جادوء نظر سے تو بچاتی ہی ہے..... ساتھ ساتھ ہر اس حالت میں یہ کام آتی ہے جسے "شیطانی حالت" یا "شیطانی کیفیت" کہہ سکتے ہیں..... یہ شیطانی حالت ہم پر شیطان کے حملے کی وجہ سے طاری ہوتی ہے..... مثلاً بہت زیادہ غصہ، گندی اور ناجائز شہوت کا بھڑکنا..... بد نظری کی طرف مائل ہونا..... سیاہی یعنی کالا پن میں پڑنا..... مسلمانوں سے فضول جھگڑا یا گالی گلوچ کرنا..... ایک دم مایوس ہو کر سمجھ جانا..... غیر اللہ میں سے کسی کے خوف یا ڈر کا مسلط ہو جانا..... وغیرہ وغیرہ.....

یہ سب حالتیں اور کیفیات ہم پر..... شیطان کے حملے کی وجہ سے آتی ہیں..... وہ شیطان انسانوں میں سے ہو یا جنات میں سے..... اب جبکہ "آیۃ الکرسی" میں اللہ تعالیٰ نے یہ تاثیر رکھی ہے کہ..... وہ اصل شیطان کو بھگا دیتی ہے تو پھر..... شیطانی کیفیات کو بھگانا تو اس کے لئے اور زیادہ آسان ہے..... لہٰذا ہم پر جب ایسے "شیطانی حالات" آئیں تو ہم یقین اور توجہ سے "آیۃ الکرسی" کا ورد شروع کر دیں..... اس سے ان شاء اللہ یہ کیفیات درست ہو جائیں گی..... اسی طرح اگر یہ "شیطانی کیفیات" ہم پر تو نہ ہوں مگر آس پاس بن رہی ہوں..... مثلاً گانے بجانے کی آوازیں، مسلمانوں کا باہمی جھگڑا..... اہل غیبت کی مجلس، چغل خوروں کے نغمے..... تب بھی ہم "آیۃ الکرسی" کی امان میں..... آ کر اپنے آس پاس کی ان شیطانی کیفیات سے خود کو محفوظ کر سکتے ہیں.....

آیئے عمل یقین کے ساتھ پڑھتے ہیں.....

اللّٰہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم (الآیۃ)

یہ دن بھی آنا تھا

ابھی چند سال پہلے کی بات ہے کہ..... امریکہ کو سب نے دنیا کی "اکیلی" سپر پاور "تسلیم کر لیا تھا..... امریکہ کے مقابلے پر کمزور سوویت یونین بکھر چکا تھا..... اور یورپ امریکہ کے تلوے چاٹ رہا تھا..... مسلمانوں میں گھسے ہوئے "لبرل افراد" امریکہ کا تذکرہ..... نعوذ باللہ ایک ناقابل شکست طاقت کے طور پر کرتے تھے..... اور امریکہ کے خلاف سوچنے کو بھی جرم اور گناہ قرار دیتے تھے..... وہ "آیۃ الکرسی" ہے (ترمذی) سورہ بقرہ کو قرآن کی کوہان اس لئے فرمایا کہ یہ سب سے لمبی سورت ہے، نیز وہ بہت سے احکام پر مشتمل ہے یا اس لئے کہ اس میں "جہاد" کا حکم ہے جس سے اسلام کو سربلندی حاصل ہوتی ہے اور "آیۃ الکرسی" کو تمام آیتوں کی سردار فرمانے کی وجہ غالباً یہ ہے کہ اس آیت میں اسم ظاہر اور اسم ضمیر دونوں طرح اللہ تعالیٰ کا نام "مرۃ" مرتبہ آیا ہے واللہ اعلم..... (فضائل حفظ قرآن)

آپ قرآن مجید میں جہاد کے بارے میں شیطان کا کردار پڑھیں..... وہ کس طرح سے کافروں کو مسلمانوں پر حملے کے لئے اکساتا ہے..... کس طرح سے منافقین کو جہاد کے خلاف استعمال کرتا ہے..... وہ کس طرح سے مال پر بخل کے فلسفے گھڑتا ہے تاکہ وہ جہاد پر مال خرچ نہ کریں..... وہ کس طرح سے مسلمانوں میں کافروں کا خوف اور رعب پھیلانے کی کوشش کرتا ہے..... خلاصہ یہ کہ شیطان ہر سطح پر جہاد اور مجاہدین کے خلاف سرگرم رہتا ہے..... "آیۃ الکرسی" شیطان اور اس کی تمام تدبیروں کا توڑ ہے..... مجاہدین اگر اسے اپنائیں تو وہ "مضبوط، غالب اور ثابت قدم رہیں..... اور شہادت تک ڈٹے رہیں..... دوسرا یہ کہ "آیۃ الکرسی" میں "حفاظت" کی مضبوط تاثیر ہے..... جیسا کہ کئی احادیث صحیحہ سے ثابت ہے..... چنانچہ اگر مجاہدین "آیۃ الکرسی" کا اہتمام کریں تو وہ دشمنوں کی بہت سی سازشوں اور تدبیروں سے محفوظ رہ سکتے ہیں ان شاء اللہ

آیئے محبت کے ساتھ پوری آیۃ الکرسی پڑھتے ہیں..... اللّٰہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم (الآیۃ)

ایک وظیفہ

آج "آیۃ الکرسی" پر یہ کالم لکھنے کے لئے..... اپنے سامنے "تفسیر مدارک" بھی رکھی تھی..... تاکہ "آیۃ الکرسی" کی مختصر تفسیر اور تبدیر لکھا جائے..... احادیث کے کچھ مجموعے بھی رکھے تھے تاکہ بعض احادیث مبارکہ "آیۃ الکرسی" کے بارے میں آ جائیں..... اور محسن المعارف الکبریٰ کا عربی ترجمہ بھی رکھا تھا کہ..... آیۃ الکرسی کے کچھ خواص و مجربات آ جائیں..... غیر انٹیا کے سخرے میڈیا کا بھی کچھ تبصرہ کرنا تھا..... مگر کالم کی تحریر مکمل ہو گئی اور یہ ساری باتیں رہ گئیں..... زیادہ مکمل کالم کھلکھلا جائے تو پڑھنے والے پچھلی بات بھول جاتے ہیں..... اور فائدہ کم ہوتا ہے..... چلیں جو کچھ آ گیا اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ہے..... بس آخر میں چند ضروری باتیں اور ایک وظیفہ..... پہلی بات یہ کہ..... آپ میں سے جو باقاعدہ قاری نہیں ہیں وہ آج ہی "آیۃ الکرسی" کسی عالم یا قاری کو سنا کر الفاظ کی تصحیح کرا لیں..... قرآن مجید کا حق لازم ہے کہ ہم اسے درست تجوید کے ساتھ پڑھیں..... قرآن مجید غلط پڑھنے سے گناہ ہوتا ہے..... اس لئے ہر مومن قاری کو اپنی "آیۃ الکرسی" اور "باقی تلاوت" درست کر لیں..... اس بارے میں ہرگز شرمائیں بلکہ یہ ذہن بنائیں کہ مسلمان ہو کر غلط قرآن پڑھنا بڑی بے شرمی والا کام ہے..... دوسری بات یہ ہے کہ "آیۃ الکرسی" کا ترجمہ پڑھ لیں اور سمجھ لیں..... اور اس میں جو کچھ فرمایا گیا ہے اس پر اپنے یقین کو مضبوط کریں..... وعدہ تو نہیں البتہ ارادہ ہے کہ..... ان شاء اللہ اگلے کالم میں بندہ بھی مختصر ترجمہ اور تفسیر لکھ دے گا..... تیسری بات یہ ہے کہ پختہ عزم اور وعدہ کر لیں کہ..... ہر فرض نماز کے بعد ایک بار آیۃ الکرسی پڑھیں گے..... گھر اور مطرب کے بعد تین بار..... گھر سے نکلتے وقت اور گھر میں داخل ہوتے وقت..... اور رات کو سوتے وقت..... یہ آیۃ الکرسی کا ضروری نصاب ہے..... باقی مزید جس کو جتنی توفیق ملے..... ان تین باتوں کے بعد وظیفہ حاضر خدمت ہے..... جس مسلمان کو رزق کی تنگی ہو، اسباب بند ہو چکے ہوں..... قرضے بکڑ چکے ہوں اور کوئی ذریعہ وسیلہ نہ بنتا ہو..... وہ دو رکعت نماز ادا کرنے کا باوضو..... ایک سو ستر بار آیۃ الکرسی پڑھے اور اس کے بعد تین ہزار بار..... یَا کَافِیُ، یَا غَنِیُّ، یَا فَتَّاحُ، یَا رَازِقُ..... پڑھے..... اور آخر میں دعا کرے (اول آخر سات سات بار درود شریف)

عمل اگر آج ہی رات کے بعد یا تہجد کے وقت ہو تو بہت زیادہ موثر ہے..... ورنہ کسی بھی وقت کر لیں..... ان شاء اللہ ایک بار کرنے سے ہی خیر کے آثار ظاہر ہو جائیں گے..... بس یقین رکھیں اور تھوڑا سا صبر اور انتظار کریں..... یا اللہ! ہر مومن مسلمان مرد و عورت کو..... رزق حلال و افر سے عطا فرما..... اور ہم سب کو "آیۃ الکرسی" کی خاص برکات عطا فرما.....

آیئے! آج کے کالم میں ساتویں بار آیۃ الکرسی پڑھ لیں..... اللّٰہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم (الآیۃ)

لا الٰہ الا اللّٰہ، لا الٰہ الا اللّٰہ، لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ

اللھم صل علی سیدنا محمد و الہ وصحبہ وبارک وسلم تسلیما کثیرا کثیرا

لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ

☆☆☆.....☆☆☆

> اگر آپ سے کوئی شخص کوئی خاص عمل پوچھے اور آپ اسے "آیۃ الکرسی" بتا دیں تو وہ مایوس نگاہوں سے دیکھنے لگتا ہے..... کیونکہ وہ "آیۃ الکرسی" کو خاص عمل نہیں سمجھتا..... ہاں اگر اجنبی الفاظ والی دعائیں بتا دو تو وہ خوش ہو جاتا ہے.....

> آپ میں سے جو باقاعدہ قاری نہیں ہیں وہ آج ہی "آیۃ الکرسی" کسی عالم یا قاری کو سنا کر الفاظ کی تصحیح کرا لیں..... قرآن مجید کا حق لازم ہے کہ ہم اسے درست تجوید کے ساتھ پڑھیں..... قرآن مجید غلط پڑھنے سے گناہ ہوتا ہے.....

کلمۂ حق

i.maqsood313@yahoo.com

آنکھیں کھولیں

تعجب ہے ان لوگوں پر جو کشمیر، حیدر آباد دکن، ریاست جونا گڑھ، ریاست سکم اور دیگر بڑی ممالک کے ساتھ بھارت کے خوفناک مظالم، دیگر کرہی سے دیکھتے ہیں کہ پاکستان کے ساتھ بھارت کے بہترین تعلقات ہیں صرف مسئلہ کشمیر رکاوٹ ہے اور یہ مسئلہ حل ہوتے ہی ہمیں دودھ اور شہدی نہریں بہنے لگیں گی.....

یہی بات یہ ہے کہ اس سوچ میں ہماری خیالی کا قصور بھی نہیں کیونکہ ہمارے اکثر کشمر انہی کا بدزلانہ رویہ بلکہ گھر پھلگی ہوئی انڈین فلموں کی تندگی اور فحش کی ہوفرنی نے ہمارے دلوں کی بھرمانہ خاموشی نے ہی ایسا ماحول پیدا کر دیا ہے جس میں بھارت اپنے تمام تر دہشت گردانہ اقدامات کے ساتھ بھی معصوم نظر آتا ہے اور پاکستان صرف چند معمولی اور محدود جوابی اقدامات کر کے بھی مجرم دکھائی دیتا ہے.....

پاکستان میں ہی کئی سوال کرتی ہے کہ بھارت کی پاکستان کے ساتھ دشمنی کیا ہے..... جو دونوں ملکوں کو ماضی میں بھی عسکری ٹکراؤ تک لے چلتی رہی اور اب بھی ہر وقت جنگ کے خطرات منڈلاتے رہتے ہیں تو عام طور پر دانشور انہیں ایک ہی جواب دیتے ہیں کہ مقبوضہ کشمیر ایک ایسا حل طلب مسئلہ ہے کہ جب تک بھارت کشمیریوں کو استصواب رائے کا حق نہیں دیتا ان کے آزادی کے حق کو تسلیم نہیں کرتا تو پاک بھارت تعلقات کشیدگی ہی رہیں گے.....

اس میں کوئی شک نہیں کہ مسئلہ کشمیر پاکستان اور بھارت کے درمیان بنیادی اور اصولی حیثیت کا تنازعہ ہے اور بھارت نے کشمیری قوم پر جیسے ظلم و ستم کا بازار گرم کر رکھا ہے اس کے خلاف آواز بلند کرنا ہر مسلمان کا فرض ہے۔ لیکن اس کا یہ مطلب لینا کہ صرف کشمیر ہی جد ہے سی دونوں ممالک کے حالات خراب ہیں اور اگر پاکستان بھارت کی اس دکھتی رگ سے دباؤ بنا لے تو ہر طرف امن ہی امن ہو گا؟ ہر سمت خوشحالی کا دور دورہ ہو گا اور دونوں ممالک کے لوگ آرام دسکون سے رہیں گے، یہ ایک خطرناک غلط فہمی ہے۔

چالاکیہ سیاست کے پروردگار بھارتی حکمرانوں کی بڑی ممالک سے ازلی دشمنی سمجھنے کے لیے ایک نظر اس پر ڈالنے کی ضرورت ہے.....

کیا بھارت کے اپنے گرد موجود دیگر ممالک کے ساتھ تعلقات دوستانہ اور بارمل ہیں؟ اگر ایسا ہے تو 1962ء میں چین کے ساتھ بھارتی شکست کی جنگ کی صورت کیوں اختیار کی۔ بھارتی مورخین کی تحریریں اعتراف کریں گی کہ وہ بھی تسلیم کرتے ہیں کہ اگر بھارت متنازعہ علاقے ہونے کے باوجود چین کے زیر کنٹرول علاقے پر قبضہ کی غلطی نہ کرتا تو چین نے جوابی کارروائی نہیں کرنی تھی۔

چین نے تو تاریخی طور پر سکم کے تبت سے جغرافیائی تعلق کے باوجود بھارت کی سکم پر قبضے کی راہ میں حائل ہونے کی کوشش نہیں کی حالانکہ 1947ء میں برطانوی ہند کی تقسیم کے وقت بھارت کے بعد سکم کو بھی بھوٹان کی طرح آزاد ریاست کا درجہ دے کر تاج برطانیہ نے اسے آزاد کر دیا تھا جہاں بھوٹان و نیپال کی طرح بادشاہت کا نظام قائم ہوا۔

1962ء میں جب بھارت اور چین کے درمیان جنگ ہوئی تو سکم کا ایک آزاد ملک کے طور پر موجود تھا۔ گو نہرو نے سکم کے بادشاہ سے ایک معاہدہ کے تحت سکم کے دفاع و خارجہ معاملات پر حق حاصل کر لیا لیکن سکم کی آزاد حیثیت برقرار رہی۔ ریاست جونا گڑھ و حیدر آباد دکن کی طرح بھارت سکم پر قبضہ کی نیت رکھتا تھا جس کیلئے بھارت نے وہاں پہلے تو امن و امان کے مسائل پیدا کئے بعد ازاں 1973ء میں سکم کے بادشاہ کے خلاف بغاوت برپا کر کے قیام امن کے نام پر پولیس کی بھاری نفری سکم میں داخل کر دی۔

دوسرے لفظوں میں بھارت نے سکم پر قبضہ کر لیا اور آخر کار 1975 میں بھارتی پارلیمنٹ میں پیش کردہ قرارداد کے بعد ریاستی ایکٹ کے تحت سکم کو بھارت میں شامل کر لیا گیا۔ اس سے قبل بھارت مشرقی پاکستان میں پاکستان کی سلامتی کیخلاف کامیابی سے اپنی سازش کو بروئے کار لا چکا تھا۔ بنگلہ دیش کے قیام کے بعد کو آج کل نیو دہلی اور ڈھاکہ میں گاڑھی چھن رہی ہے لیکن سندری حد دو دریاؤں کے پانی سرحدی تنازعات جوں کے توں موجود ہیں جن کی بنا پر بھارتی میں بھارت اور بنگلہ دیش کی افواج کے درمیان متعدد خونیں جھڑپیں ہو چکی ہیں۔

ان تنازعات کا حتمی و ابدی بھارت کیلئے خصوصی مہربانی بھی خاتمہ نہیں کر سکی۔

مالدیپ کی بھارت کے ساتھ نہ کوئی سرحد ملتی ہے نہ ہی کوئی سندری حدود کا جھگڑا ہے تو پھر کیا یہ حقیقت نہیں کہ 1988ء میں بھارت نے مالدیپ پر قبضے کی کوشش کی جہاں وہ 1980ء سے سری لنکا میں سرگرم گوریلا تنظیم پی ایل ٹی ای کو ہماشی پھیلانے کیلئے استعمال کر رہا تھا۔

3 نومبر 1988ء کو 80 کے قریب سری لنکن گوریلوں نے مالدیپ کے دارالحکومت مالے پہنچ کر ائرپورٹ کے علاوہ دیگر اہم سرکاری عمارتوں و حساس تنصیبات پر قبضہ کر لیا۔ مالدیپ کے سربراہ نے فوری طور پر مدد کیلئے امریکہ، برطانیہ و بھارت کو مراسلے بھیجے۔ قریب ہی سمندر میں امریکی بحری بیڑے کی موجودگی کے باوجود بھارت کو موقع فراہم کیا گیا کہ وہ بھارتی انٹونوف سے آئی ایل 76۔ سائنتہ ٹرانسپورٹ طیاروں کے ذریعے 1600 فوجیوں پر مشتمل خصوصی فورس مالے روانہ کر دے۔

بھارت کا فوجی دستہ بریگیڈیئر فرخ بلسارا کی سربراہی میں 2 ہزار کلومیٹر کا فاصلہ طے کر کے مالے پہنچا تو سری لنکن گوریلے وہاں سے دم دبا کر بھاگ گئے۔ اس ڈرامائی بغاوت کو مالدیپ کے امن آج بھی افسانوی بغاوت کے نام سے یاد کیا جاتا ہے بھارت کا آپریشن کیکٹس کے نام سے مدد پر مالدیپ کا صدر مامون عبدالقیوم بھارت کا اس قدر ممنون ہوا کہ اب مالدیپ کو بغیر اعلان شدہ بھارتی کالونی تصور کیا جاتا ہے۔

سری لنکا میں مال گوریلوں کے ذریعے بھارت نے 2 دہائیوں تک تباہی مچائے رکھی۔ بھارت سری لنکا میں اپنی فوجیں واپس بلائی پڑیں۔

علاوہ ازیں عالمی قوتیں بھی بھانپ گئی تھیں کہ بھارت سری لنکا پر قبضے کی نیت رکھتا ہے تو بھارتی فوج کی رکھتی میں عالمی دباؤ کا بھی بڑا عمل دخل تھا۔ تاہم 30 جولائی 1987ء کو سری لنکا میں کولمبو ائرپورٹ پر بھارتی وزیر اعظم راجیو گاندھی پر فوجی دستے کی سلامی کے دوران ایک سری لنکن فوجی کی طرف سے

بقیہ صفحہ پر

اپنے پرانے کرم موجود دیگر پھوٹی، ہاسٹوں پر کنٹرول کی طرح دسترس چاہتا تھا جسے سری لنکا کی عوام اور حکومتوں نے ناکامی سے دوچار کر دیا۔ ایک وقت ایسا بھی آیا جب بھارت قیام امن میں معاونت کے نام پر 1987ء میں اپنی ایک انٹونوف سری لنکا پہنچنے میں کامیاب ہو گیا لیکن سری لنکا میں بھارتی فوج کے سری لنکن عوام کے ساتھ انتہائی بھیانک آمیز سلوک اور اس ماہ پر وہاں بھارتی فوج پر ہونیوالے حملوں کے نتیجے میں بھارت کو 1990

اظہار تعزیت

نحمدہ

مولانا عمید الغفار خطاری (المرابطون) کی والدہ محترمہ، جام عثمار اللہ (رحیم یار خان) کی اہلیہ، بھائی محمد سجاد (گوجرانوالہ) کے والد محترم کے سانحۂ ارتحال پر ان کے لواحقین کا اظہار تعزیت کرتے ہوئے دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو مغفرت کاملہ اور پسماندگان کو صبر جمیل نصیب فرمائیں۔ آمین

منجانب

امیر المجاہدین حضرت مولانا محمد مسعود ازہر صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ

و ادارہ القلم

معارف سورۃ یوسف

حضرت مولانا بشیر احمد حسینیؒ

ولما بلغ اشده واستوى اتيه حكما وعلما وكذلك نجزى المحسنين

اور جب پہنچ گیا اپنے زور پر اور سنبھل گیا، دی ہم اس کو حکمت اور سمجھ، اور اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں نیکی والوں کو۔ (القصص آیت ۱۴)

حضرت موصوفؒ نے اس آیت مبارک کی تفسیر میں تحریر فرمائی ہے:

"اَشُدَّ کے لفظی معنی قوت وشدت کی انتہا پر پہنچنا ہے، یعنی انسان بچپن کے ضعف سے دور ہنچا قوت وشدت کی طرف بڑھتا رہے ایک وقت ایسا آتا ہے کہ اس کے وجود میں بچپنی قوت وشدت آسکتی تھی وہ پوری ہو جاتے اس وقت کو اشد کہا جاتا ہے اور یہ زمین کے مختلف خطوں اور قوموں کے مزاج کے اعتبار سے مختلف ہوتا ہے، کسی کا اشد کسی کا زمانہ جلد آجاتا ہے کسی کا دیر میں۔ لیکن حضرت ابن عباسؓ اور مجاہدؒ سے بروایت مہران خمید یہ منقول ہے کہ اشد عمر کے تینتیس سال میں ہوتا ہے اسی کو سن کمال یا سن وقوف کہا جاتا ہے، جس میں بدن کا نشو ونما ایک حد پر پہنچ کر رک جاتا ہے اس کے بعد چالیس کی عمر تک وقوف کے زمانہ ہے اسی کو استوی کے لفظ سے تعبیر کیا گیا ہے چالیس سال کے بعد انحطاط اور کمزوری شروع ہو جاتی ہے اس سے معلوم ہوا کہ عمر کا اشد تینتیس سال کی عمر سے شروع ہو کر چالیس سال تک رہتا ہے۔ روح قرآنی" (معارف القرآن جلد ششم)

اِن دنوں آیات مقدسہ میں یفرق بین غیر ونظر آتا اور کھائی دیتا ہے کہ سیدنا حضرت یوسف علیہ السلام کے واقعہ میں لفظ "استوٰی" منقود اور سیدنا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے قصہ میں موجود ہے۔ اس فرق کی وجہ یہ ہے کہ چونکہ حضرت یوسف علیہ السلام کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی عمر کے لحاظ سے پہلے نبوت ملی تھی اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو حضرت یوسف علیہ السلام کی عمر کے لحاظ سے بعد میں نبوت ملی تھی، ماں نے باری تعالیٰ نے یہ الوکھا اور نرالا طرز بیان اختیار فرمایا۔

اس مقام پر ایک سوال پیدا ہوتا ہو وہ یہ ہے کہ جس طرح ان دونوں حضرات انبیاء علیہما السلام کے بچپن اور جوانی کو بیان فرمایا گیا ہے وہ کیا حضرت انبیاء علیہم السلام کے ان دونوں زمانوں کو کیوں بیان نہیں فرمایا گیا؟

حقیقت یہ ہے کہ اس کی سختیں تو اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے۔

ویسے اس سوال کا جواب یہ ہے کہ چونکہ یہ دونوں حضرات علیہما السلام اپنے اپنے گھروں سے باہر اغیار کے گھروں میں بچپن کی منزلیں طے کرنے کے عالم شباب تک پہنچ گئے تھے، اسی لئے ان مقدس حضرات علیہما السلام کے دونوں زمانوں کا ذکر فرمایا گیا ہے۔

دعوت عشرت

زلیخا نے شرم سے منہ موڑ لیا
حیا سے تعلق توڑ لیا
غیرت کا دامن چھوڑ دیا
منہ کھول اور بول اٹھی :

طوے سے طور ہوئے جاتے ہیں
اور سے اور ہوئے جاتے ہیں
جب سے رکھا ہے جوانی میں قدم
قتل غمور ہوئے جاتے ہیں

سیدنا حضرت یوسف علیہ السلام نے زلیخا کے گھر میں بچپن کی منزلیں طے کر کے جب جوانی میں قدم رکھا تو آپ علیہ السلام کی جوانی لاثانی تھی کیونکہ جوانی کی تیک اور شباب کی دمک سے آپ علیہ السلام کا حسن اور چمن دوبالا ہو گیا، زلیخا جو پہلے ہی اس حسن کا آسیب تھی، وقت کی شدت سے متفکر اور سوختہ دل خواص میں تھی تو اب وہ حسن یوسف دیکھ کر سنبھل نہ سکی اور بوالہوسی ہو گئی۔

اسی حالت میں اس نے نسوانی عادت کے مطابق اپنی نسوانی حسرت کو پورا کرنے، اپنے ارمان نکالنے اور نفس پرستی کی آگ بجھانے کا تہیہ اور عزم بالجزم کر لیا۔ چنانچہ ایک دن زلزلی برق لباس بلکہ کوہ حسن کے سارے نسوانی ہتھیار سے لیس ہو کر، خوب سج سنور کے اور اپنی آتش حرارت کو بجھانے کے لئے سراپا آتش بن کر مکان کے دروازے بند کر دیئے۔ اپنی عزت وعظمت کی چادر کو تار تار کر کے، اپنی امید کو بلانے اور اپنی آرزو کو پوری کرنے کے لئے بے خوف وخطر شعشعہ وفخرہ ناز وادا سے حضرت یوسف علیہ السلام کو دعوت عشرت دی، حضرت قرآن مجید میں بیان فرماتا ہے:

وراودته التى هو فى بيتها عن نفسه وغلقت الابواب وقالت هيت لك (آیت ۲۳)

اور پھسلایا اس کو اس عورت نے جس کے گھر میں تھا اپنا جی قابو سے اور بند کر دیئے دروازے اور بولی شتابی کر۔

اس آیت مبارکہ میں دو افراد کے واقعہ کا ذکر ہے:

اول: حضرت یوسف علیہ السلام

دوم: عزیز مصر کی عورت (زلیخا) کا ذکر ہے۔

زلیخا نے حضرت یوسف علیہ السلام کو دعوت عشرت بھی دونقطوں میں دی:

اول: **هيت**

دوم: **لك**

علماء اسلام نے ان دونوں لفظوں کے معنی یوں تحریر فرمائے ہیں:

۱) "آؤ جاؤ" (تفسیر ابن کثیر اردو)
۲) "ادھر آ قریب" (تفسیر فوز الکبیر اردو)
۳) "شتابی کر" (تفسیر موضح القرآن)
۴) "آؤ کہتی ہوں میں تجھ کو" (ترجمہ شاہ رفیع الدین محدث دہلویؒ)
۵) "آؤ" (تفسیر حقانی)
۶) "آجاؤ تم ہی سے کہتی ہوں" (تفسیر بیان القرآن)
۷) "آمیز سے پاس" (القصص القرآن ص ۲۹۱)

متقیہ کر کے یوسف کو زلیخا پھر یوں بولی!
میری جان جاتی ہے تیری دل لگی ظہری
سیدنا حضرت یوسف علیہ السلام نے بھی دونقطوں میں زلیخا کی سوہان روح اور کرہ دعوت کو ٹھکرا دیا:

اول: **معاذ**

دوم: **الله**

یعنی "اللہ بچائے" (تفسیر بیان القرآن)

قرآن پاک کے فرمان سے یہ سر نکل جاتا اور اس باعث پاتا ہے چنانچہ اول حکم تلیم اس بات کو تسلیم کرتی ہے کہ سیدنا حضرت یوسف علیہ السلام کے لئے اس شعر کی موقع پر وہ کام نہایت ضروری اور اشد لازمی ہیں:

اول: اپنی عزت کو بچانا

دوم: مصری عورت کو سمجھانا

چونکہ یہ دونوں کام نبوت کے فرائض منصبی میں بھی داخل وشامل ہیں، اس لئے حضرت یوسف علیہ السلام نے اول کام کے لئے دو لفظ (معاذ اللہ) نبوت کی حیثیت سے اور حق تعالیٰ کے حیثیت کے پیش نظر ہی زلیخا کو ارشاد فرمائے اس حقیقت سے یہ صورت خود بخود ناپید اور دور ہو جاتی ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام صرف اللہ تبارک وتعالیٰ کے پاس وفاداری کے ناتہ سے کے اور وارد ہے۔

☆☆☆

کلامِ ہادیٔ عالم ﷺ

آخرت میں صرف اعمال ساتھ کام آئیں گے

"حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک دن اپنے صحابہ سے فرمایا کیا جانتے ہو تمہاری مثال اور تمہارے مال واہل وعیال کی مثال کیا ہے؟

عرض کیا: اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اللہ ﷺ بہتر جانتے ہیں۔ فرمایا: تم میں سے ایک کی مثال اور اس کے مال اور آل واولاد اور عمل کی مثال ایسی ہے کہ ایک آدمی کے تین بھائی تھے، جب اس کی وفات کا وقت آیا تو اس نے ایک بھائی کو بلایا اور کہا کہ تجھ پر جو حادث طاری ہوئے دوم تجھ کو، نہ ہوئے ہوں، تو بتا! تم میرے لئے کیا کر سکتے ہو؟ اس نے کہا: میں یہ کر سکتا ہوں کہ تیری تیمارداری کروں اور تیری جو حاجت ہے اس پر رات بھر کھڑا رہوں، جب تم مر جاؤ تو تجھے غسل دوں، کفن پہناؤں اور اٹھانے والوں کے ساتھ تجھے اٹھاؤں، کسی اٹھانے والے کو کندھا بٹاؤں اور جب میں تجھے دفن کر کے واپس آجاؤں تو لوگوں کے سامنے تیری تعریف کروں جو کچھ مجھ سے تیرے بارے میں پوچھے (یہ بھائی اس کے کہنے کو قبول نہیں کیا ہے اور چپ ہے) آپ ﷺ نے صحابہ سے سوال کیا: تم اس بھائی اللہ اُحد کہہ اس سے کیا رائے رکھتے ہو؟ انہوں نے کہا: یا رسول اللہ! ہم تو اس سے کوئی ایسی چیز جس میں کوئی منفعت ہو! آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا تم اپنے دوسرے بھائی کے بارے میں کیا رائے رکھتے ہو؟ انہوں نے کہا: یا رسول اللہ! ہم تو اس سے بھی بہتر ہے۔ مجھ پر جو حادث آئے، تم دیکھ رہے ہو، بتاؤ! تم میرے لئے کیا کر سکتے ہو؟ وہ کہتا ہے کہ تمہارے لئے میرے پاس کوئی کام کی چیز نہیں، مگر جب تک تم زندوں میں شمار ہوتے ہو، جب تم مر جاؤ گے تو تمہارا راستہ دوسرا ہوگا، میرا راستہ دوسرا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ اس کا دوسرا بھائی ہے جس کو مال کہتے ہیں، تاہم اس کو دیکھ رہے ہو؟ صحابہؓ نے عرض کیا: یا رسول

معارفِ نبوی

اللہ! کچھ کام کا نہیں! پھر آپ ﷺ نے فرمایا کہ تیرے بھائی نے کہا ہے کہ مجھ پر جو مارے ناز ل ہوا ہے اور میرے اہل خانہ نے اور میرے مال نے جو حادث دیا ہے، دوم کو نہ تجھ کو، نہ ہوئے ہوں، تو بتا! تم میرے لئے کیا کر سکتے ہو؟ اس نے کہا: میں یہ کر سکتا ہوں کہ تیری تیمارداری کروں اور تیری جو حاجت ہے اس پر رات بھر کھڑا رہوں، جب تم مر جاؤ تو تجھے غسل دوں، کفن پہناؤں اور اٹھانے والوں کے ساتھ تجھے اٹھاؤں، کسی اٹھانے والے کو کندھا بٹاؤں اور جب میں تجھے دفن کر کے واپس آجاؤں تو لوگوں کے سامنے تیری تعریف کروں جو کچھ مجھ سے تیرے بارے میں پوچھے (یہ بھائی اس کے کہنے کو قبول نہیں کیا ہے چپ ہے) آپ ﷺ نے صحابہ سے سوال کیا: تم اس بھائی اللہ اُحد کہہ اس سے کیا رائے رکھتے ہو؟ انہوں نے کہا: یا رسول اللہ! ہم تو اس سے کوئی ایسی چیز جس میں کوئی منفعت ہو! آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا تم اپنے دوسرے بھائی کے بارے میں کہتا ہے: مجھ پر جو حادث آئے ہیں، تو دیکھ رہے ہو، بتاؤ! تم میرے لئے کیا کر سکتے ہو؟ وہ کہتا ہے کہ تمہارے لئے میرے پاس کوئی کام کی چیز نہیں، مگر جب تک تم زندوں میں شمار ہوتے ہو، جب تم مر جاؤ گے تو تمہارا راستہ دوسرا ہوگا، میرا راستہ دوسرا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ اس کا دوسرا بھائی ہے جس کو مال کہتے ہیں، تاہم اس کو دیکھ رہے ہو؟ صحابہؓ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! بہتر ہے کہ جو مال ہی ہوتے ہیں۔

مگر عرصہ کے بعد مگر سیا سلیمان علیہ السلام کی خدمت میں پہنچی گئی اور جب دربار میں حاضر ہوئی تو اس سے دریافت کیا گیا: کیا تیرا تخت ایسا ہی ہے؟ مگر ملکہ نے جواب دیا: "ایسا معلوم ہوتا ہے" گویا ہوئی ہے "یقینی تخت کی ساخت اور مجموعی حیثیت تو بیدہی ہے کہ میرے اپنا تخت ہے اور قدرت وہیئت کو تبدیلی اس یقین میں مزید پیدا کر دی ہے، اس لئے یہ بھی یقین کہہ سکتی کہ یہ اسی میرا ہی تخت ہے۔

ملکہ سبا نے ساتھ ہی یہ بھی کہا: مجھ کو آپ کی یہ نظیر اور عدیم المثال قوت وطاقت کا پہلے علم ہو چکا ہے۔ ہوں اور اب تخت کا یہ بھی اطمینان ہو گیا

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified ملک کا مقبول ترین ہفت روزہ

رجسٹرڈ نمبر P-483

القلم

ہفت روزہ

پشاور

WEEKLY

ALQALAM-E-PESHAWAR

صفحات 8 قیمت 10 روپے

46 | 11 | 19 تا 25 محرم الحرام 1438ھ بمطابق 21 تا 27 اکتوبر 2016ء

اللّٰھم

حساب میں آسانی کی دعا

اَللّٰھُمَّ حَاسِبْنِیْ حِسَابًا یَّسِیْرًا

ترجمہ:

اے اللہ میرے حساب کو آسان کرنا۔

بلمند، فاریاب، قندوز، خوست اور قندھار مجاہدین نے 200 سے زائد اتحادی لڑکانے لگائے، افغان نائب صدر رشید دوستم کے بھی زخمی ہونے کی تصدیق

طالبان کی پیش قدمی

ضلع غورمیر پر مجاہدین کا قبضہ لشکر گاہ میں 100 اہلکار قتل

225 فوجیوں نے ہتھیار ڈال دیئے

63 بنک اہلکار بھی غنیمت

حکومت کی کوشش ناکام ہو گئی

مجاہدین نے لشکر گاہ شہر کے نواحی علاقے میں لڑائی کے دوران پسپا ہوتے ہوئے اہلکاروں کو گھیر کر قتل کیا، 22 فوجی گاڑیاں، درجنوں ٹرک، بیسکڑوں رائفلیں بھی غنیمت

جھڑپوں میں فوجیوں کی امدادت بڑھنے کا افغان اعتراف، ترین کوٹ میں پولیس ہیڈ کوارٹر پر حملے میں 10 اہلکار ہلاک، 3 ٹینک تباہ، فاریاب میں 69 ہلاکتیں

حملوں میں 20 سے زائد فوجی ٹینک، درجنوں فوجی گاڑیاں بھی تباہ، کئی چیک فورسز جانی اور مالی نقصان پر حواس باختہ، حکومت کی جنگی حکمت عملی مکمل طور پر ناکام بنادی گئی

سرپل میں 13 اہم علاقے بھی فتح کر لئے گئے، غزنی اور لوگر میں کاروان پر حملے میں 32 اہلکار کام آئے، کنڑ اور قندوز میں 3 فوجی افسروں سمیت 14 ہلاک

کابل (نیوز ایجنسیاں) افغانستان میں طالبان بلمند، فاریاب، قندوز، خوست، قندھار سرپل سمیت مزید کئی اضلاع کی تصدیق کی گئی ہے، وہ دو آب کے ضلع جاری، اتحادی اور فورسز مجاہدین کے ساتھ لڑائی کے دوران پسپا ہوئے اتحادی فورسز کو گھیر کر قتل کیا گیا، 22 فوجی گاڑیاں بھی تباہ، کئی چیک فورسز جانی اور مالی نقصان پر حواس باختہ، حکومت کی جنگی حکمت عملی مکمل طور پر ناکام بنادی گئی

سرپل میں 13 اہم علاقے بھی فتح کر لئے گئے، غزنی اور لوگر میں کاروان پر حملے میں 32 اہلکار کام آئے، کنڑ اور قندوز میں 3 فوجی افسروں سمیت 14 ہلاک

طالبان کے اسلحہ جاری کردہ ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے، 100 اہلکار گرفتار کر لئے گئے، غزنی اور لوگر میں کاروان پر حملے میں 32 اہلکار کام آئے، کنڑ اور قندوز میں 3 فوجی افسروں سمیت 14 ہلاک

کنڑ سمیت 200 سے زائد اتحادی لڑکانے، طالبان کے سامنے ہتھیار ڈال دیئے اور 63 بنک، اہلکاروں کو گھیر کر قتل کیا اور 22 فوجی گاڑیاں، جاہدین نے قبضہ کر لیا، لشکر گاہ میں 100 اہلکار قتل، افغان نائب صدر رشید دوستم کے بھی زخمی ہونے کی تصدیق، دیگر ساز و سامان غنیمت کر لیا، درجنوں ٹرکوں، بیسکڑوں (باقی صفحہ 6 نمبر 1)

جلاد کے حملوں کا نیا سلسلہ شروع

روسی اور اسدی فورسز کی وحشیانہ بمباری سے 150 شہید

پرائمری اسکول بھی شیلنگ کا نشانہ بنا جس میں 5 بچے ابدی نیند سو گئے، مارکیٹ پر بمباری میں 28 افراد کی شہادتیں ہوگئیں، اسپتال پر بکٹر بلسٹر بم گرائے گئے

لاشوں کے ڈھیر پر بشار الاسد کا طلب فتح کرنے کا خواب، شہر میں فضائی حملوں کا نیا سلسلہ شروع، الکلاسیہ، بستان القصر اور الحطرکی اضلاع میں بمباری

حلب (نیوز ایجنسیاں) حلب و ریف کا نیا سلسلہ شروع، روسی اور بشار الاسد فورسز کی وحشیانہ بمباری کے نتیجے میں 150 افراد شہید ہوگئے، زخمیوں کی تعداد بھی بڑھ رہی ہے، اسپتال پر بکٹر بلسٹر بم گرائے گئے، پرائمری اسکول کو نشانہ بنایا گیا جس میں 5 معصوم بچے ابدی نیند سو گئے، شام کا خاکم عمر بن عبدالعزیز بشار الاسد لاشوں کے ڈھیر پر طلب فتح کرنے کا خواب دیکھ رہا ہے، ہر صورت حلب پر قبضے کے اعلان کے بعد شہر میں فضائی حملوں کا نیا سلسلہ شروع ہو گیا ہے اور اس دوران ایک اسپتال کو بھی نشانہ بنایا گیا، ایم ایس اسپتال پر بھی بم گرائے گئے، ایک بچے سمیت 25 افراد کی شہادتیں ہوگئیں، اسپتال پر بکٹر بلسٹر بم گرائے گئے، ایک فارماسسٹ بھی شہید ہو گیا، بشار فضائیہ نے حلب (باقی صفحہ 6 نمبر 2)

اسرائیلی فوج نابلس، فلسطینی کیمپ پر ٹوٹ پڑی، خواتین اور بچوں پر تشدد، 3 شہید

جنگی طیاروں کی آڑ میں صیہونی فورسز نے کارروائیاں کیں، جنین کے کاروباری علاقے کو نشانہ بنایا، دو شہید، 5 زخمی، 9 بچوں سمیت 25 فلسطینی گرفتار

غزہ کی پٹی میں سوئے شہریوں پر فائرنگ سے 13 سالہ بچہ جبکہ بیت المقدس میں فائرنگ سے ایک شہید، 5 زخمی، 9 بچوں سمیت 25 فلسطینی گرفتار

مقبوضہ بیت المقدس (نیوز ایجنسیاں) اسرائیلی فوج نے جنین کے کاروباری علاقے کو نشانہ بنایا، دو شہید کر دئے، 5 زخمی، 9 بچوں سمیت 25 فلسطینی گرفتار کر لئے گئے، غزہ کی پٹی میں سوئے شہریوں پر فائرنگ سے ایک شہید، 5 زخمی، 9 بچوں سمیت 25 فلسطینی گرفتار کر لئے گئے، بیت المقدس میں فائرنگ سے 13 سالہ بچہ جبکہ دوسرے کو غزہ میں فائرنگ کا نشانہ بنایا گیا، دو شہید کر دئے گئے، جنین کے کاروباری علاقے میں صیہونی فورسز نے کارروائیاں کیں، جنین کے کاروباری علاقے کو نشانہ بنایا، دو شہید کر دئے گئے، غزہ کی پٹی میں سوئے شہریوں پر فائرنگ سے ایک شہید، 5 زخمی، 9 بچوں سمیت 25 فلسطینی گرفتار کر لئے گئے، بیت المقدس میں فائرنگ سے 13 سالہ بچہ جبکہ دوسرے کو غزہ میں فائرنگ کا نشانہ بنایا گیا، دو شہید کر دئے گئے

www.alqalamonline.com

القلم پشاور

WEEKLY
AL-QALAM-E-PESHAWAR

ناشر مرکزی احمد نے برہان پرنٹنگ پریس محلہ جنگی پشاور سے چھپوا کر بزبستان پلازہ پشاور صدر سے شائع کیا۔

دفتر کاپیہ: دکان نمبر UG/8A
ڈینزر پلازہ پشاور ہیڈ کینٹ
راولپنڈی دفتر فون فیکس: 051-4582224
alqalam_weekly@yahoo.com

مقبوضہ کشمیر میں کرفیو کے 100 دن مکمل..... یہ ظلم کب تک؟

نہتے کشمیریوں پر بھارتی مظالم کے حالیہ سلسلے کا شروع ہوئے 100 دن مکمل ہو چکے ہیں، اور یہ کسی بھی علاقہ میں کرفیو کی لمبائی کا بہت بڑا عدد ہے، ورنہ کون ذی شعور انسان چند ماہ کا تصور بھی کر سکتا ہے کہ ایک دن کا کرفیو کسی علاقے کے لوگوں کی زندگی اجیرن بنا کر رکھ دیتا ہے۔ اس تازہ صورتحال میں کشمیریوں کی آزادی کی جدوجہد میں اب تک سوے زائد نہتے کشمیری شہید اور ہزاروں زخمی ہو چکے ہیں۔

حریت کی پیاسی اور اس وقت بلند ہوئی جب آٹھ جولائی کو نوجوان حریت پسند برہان وانی کو بھارتی قابض فوج نے شہید کیا، جس پر پوری کشمیری قوم بھارت کے خلاف ایک بار پھر تازہ دم ہو کر اٹھ کھڑی ہوئی اور بعد میں بھارتی قابض فوج نے ان مظاہروں کو دبانے کے لئے کرفیو لگایا جو تقسیم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہا۔ مختلف ذرائع کے اپنے میڈیا کے مطابق ان 100 دنوں میں تیرہ ہزار نہتے کشمیری زخمی ہو چکے ہیں، جن میں ایک ہزار کے لگ بھگ گولی کے شکار ہوئے ہیں جبکہ پینائی کھونے کا خطرہ یقینی ہے۔ اس دوران پولیس اور قابض فوج نے سات ہزار کشمیریوں کو گرفتار کر لیا ہے۔ ایک اندازے کے مطابق، مقبوضہ کشمیر میں کاروبار بند ہونے سے دس ہزار کروڑ روپے کا نقصان ہو چکا ہے۔ مسلسل کرفیو کی وجہ سے کھانے پینے کی اشیاء اور ادویات کی شدید قلت ہو چکی ہے۔ اخبارات کی اشاعت بند ہے، انٹرنیٹ پر پابندی ہے اور کشمیریوں کے بیرونی دنیا سے تمام رابطے کاٹ دیئے گئے ہیں۔

ان سو دنوں میں ایک سو پندرہ سے زائد کشمیریوں کو بے دردی سے قتل کیا جا چکا ہے، مظاہرین پر اندھا دھند فائرنگ بھارتی فوج کا طرہ بن چکا ہے، جس کی وجہ سے بچوں، خواتین اور نوجوانوں سمیت سینکڑوں افراد اپنی آنکھوں سے محروم ہو چکے ہیں یا شدید زخمی ہو کر لاچار ہو چکے ہیں، مزید ظلم و ستم یہ بھی ہے کہ حریت رہنماؤں کو سید علی گیلانی، میرواعظ یاسین ملک اور دختران ملت کی سربراہ آسیہ اندرابی سمیت دیگر متعدد رہنما گرفتار کر لیے گئے ہیں۔

ہر گزرتے دن کے ساتھ بھارتی مظاہرین اپنی انتہا کو پہنچ رہے ہیں، بھارت کی ہٹ دھرمی اور ضد و عناد نمایاں ہو کر سامنے آتا جا رہا ہے، بھارتی جنگی مظالم نے ہر دردمند انسان کو گہرا مند بنا دیا ہے، لیکن افسوس اس بات کا ہے کہ عالمی برادری بالکل چپ سادھے ہوئے ہے، کشمیریوں کا خون بالکل سستا کر دیا گیا ہے، ان کی جان کی کوئی قیمت گویا ہے ہی نہیں اور نہ ہی کسی کا اس کی پروا ہے، موہوم ہی نام نہاد دہشت گردی کو اسلام اور مسلمانوں سے جوڑ کر اور پھر دہشت گردی ختم کرنے کے نام پر مسلمانوں کے کئی ممالک کھنڈر بنا دیئے گئے ہیں، درجنوں ممالک کل اس مقصد کے لیے اسلامی ممالک پر چڑھائی کر دیتے ہیں، دنیا بھر میں اس کا ڈھنڈورا پیٹا جاتا ہے، دنیا بھر کے لیے ایک موہوم سی چیز کو سب سے خطرناک باور کرا دیا جاتا ہے مگر یہاں بھارت جو حقیقی ظلم ڈھا رہا ہے، انسانی جانیں ہر روز ضائع ہو رہی ہیں اس پر عالمی برادری کے ضمیر پر گرہیں بھی جاگتا اور نہ ہی بھارتی دہشت گردی ختم کرنے کے لیے کوئی بلاک اور کوئی اتحاد وجود میں آتا ہے۔

☆.....☆.....☆

پیارے لخت جگر سفیان شہیدؒ



محمد اسماعیل

نخود آرام کیا، دشمنوں کو آرام کر نے دیا، نخود کھایا، دشمنوں کو کھانے پینے دیا، شاباش اے دلاسے اور دوروسلام ہو آقا محمد فی ﷺ پر جنہوں نے شہادت جیسی میٹھی چیز کو پا بار بار طلب فرمایا۔ کتنے ہی خوش نصیب ہیں وہ شہداء کرام جنہیں آقا علیہ السلام والی پسندیدہ چیز یعنی شہادت اللہ نے عطا فرمائی ہے۔ ہاں بہت ہی پیارے جگر! آپ کی فراخدلی اور آپکی پرتعہد خوشی ہمارا جگر مجرح کر گئی ہمارے سر کا فرمان حق ہے کہ اگر تمہیں مقابلہ میں زخم آتے ہیں تو فاتح وہ بھی زخم آتے ہیں۔

ہمارے صابر بیٹے! آپ نے بلیغ شکر کے ہمارے ساتھ مدت سے پل گزارے مگر اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

جی ہاں! ہمارے پیارے سفیان شہید تو جانتے ہیں کہ آخرت میں ہم سب کو خوش کرنے کا ان شاء اللہ

پیارے لخت جگر! تو جا گیا اور بچھڑ ہی سی تو ہم سے بار بار گم ہو جاتا تھا، گم ہونے کی عادت تھی مگر اب پکارا ہم سے گم ہو گیا، یقینی گم ستا نا ہے مگر کوئی نہیں کہتا کہ آپ مردہ ہیں بلکہ زندہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے ہاں رزق کھاتے اور خوش ہوتے ہیں۔

جی ہاں میرے پیارے شہیدؒ! آپ پر ہم جاری رہے گی، کیونکہ جو ان آپ کے پیچھے لگیں ہے ڈاکٹر عالیہ جیسے بزرگوں مظلوموں کو چھڑوانے کے اور کشمیر کو آزاد کروانے ہیں۔ ان شاء اللہ

جی ہاں! پیارے شہیدؒ تو سچا تھا، تو سچا ہے۔ تجھے امیر محترم ؒ، جماعت سے جماعت کے کاموں سے محبت تھی۔ اسلام، مسلمانوں اور وطن سے محبت تھی۔ تو اپنے خون سے ہزاروں نوجوانوں کو زندہ کر گیا۔ اللہ تعالیٰ اپنے آخوش رکھیں۔ ہم اللہ تعالیٰ کی رضا پر راضی ہیں۔ انا اللہ والا الیہ راجعون۔ والسلام یا شہید کریم!

☆.....☆.....☆

خواب..... چند ضروری باتیں

سنگِ میل
www.sangemeel.com

عبدالحفیظ امیر پوری

حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ نبوت میں سے صرف مبشرات باقی رہ گئے۔ لوگوں نے پوچھا: مبشرات کیا ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اچھے خواب۔ (صحیح بخاری)

خواب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت دلیل ایک عظیم سعادت اور معنوی دولت ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے مجھے خواب میں دیکھا تحقیق کہ اس نے حق دیکھا یقینی واقعی اس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہی کو دیکھا۔ دوسری حدیث میں ہے جس شخص نے مجھ کو خواب میں دیکھا، اس نے حقیقت میں مجھ کو دیکھا، اس لیے کہ شیطان میری صورت نہیں بناسکتا، ایک اور حدیث میں ہے جس شخص نے مجھے خواب میں دیکھا، وہ عنقریب مجھے بیداری میں دیکھے گا، اس لیے کہ شیطان میری صورت اختیار نہیں کر سکتا کیونکہ یہ صفت محض علیہ خداوندی ہے، بندہ کے کسب و اختیار کو ہرگز دخل نہیں ہے۔ (فیض الباری)

اور ایمان وعمل صالح سعادت کے شرط ہے، نہ کہ فرشتوں اس کے لیے مانع ہے اور نہ ہی نبی کے اختیار میں ہے کہ وہ کسی کے خواب میں آ کر اس کی بشارت و سعادت کا ذریعہ ہوں اور جب نبی کے اختیار میں نہیں تو کسی بھی ولی کو یہ اختیار کیا سکتا ہے؟ بلکہ بعض قادر مطلق، عالمِ بقاء اور علیم وخبیر ذات اپنے بندوں میں سے جس کو چاہے، جہاں اور جس وقت سعادت سے نوازتا ہے، وہ اپنی قدرت وارادہ سے اس کے اسباب پیدا کر دیتی ہے، خواب بھی ایک سبب بن جاتا ہے، جو عین جانب اللہ پیش خیال کرنے کا ہی کوئی معمول ہے، نہ اس کے لیے کوئی زمان ومکان متعین ہے۔

خواب میں زیارت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق کسی نے حضرت خواجہ قطب الدین کاکی کیا کہ یہ کیسے معلوم ہو کہ یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہی ہیں؟ فرمایا کہ عظم ضروری (یہ کہی) کے طور پر اگر تکلیف کا خیال ہے، یعنی انسان دن بھر جس امور میں مشغول رہتا ہے اور اسے کل دماغ پر جو باتیں چھائی رہتی ہیں وہی رات میں بصورت خواب متشکل ہو کر نظر آتی ہیں۔ اس طرح کے خواب کا کوئی اعتبار نہیں۔

دوسری طرف ڈراؤنا خواب ہے، یہ خواب اصل میں شیطانی اثرات کا ہوتا ہے۔ شیطان چونکہ ازل سے بنی آدم کا دشمن ہے اور وہ اس طرح عالم بیداری میں انسان کو گمراہ کرنے اور پریشان کرنے کی کوشش کرتا ہے اسی طرح نیند کی حالت میں بھی وہ انسان کو پریشان کرنے اور ڈرانے کے لیے طرح طرح کے حربے استعمال کرتا ہے۔ کبھی تو وہ کسی ڈراؤنی شکل وصورت میں نظر آتا ہے جس سے خواب دیکھنے والا اچانک خوفزدہ ہو جاتا ہے، کبھی اس طرح کے خواب دکھلاتا ہے جن خواب سے خواب دیکھنے والے کو اچانک تعبیر ہو جاتی ہے، جو اس کے ذہن میں نفرت کا باعث بن جاتا ہے، کبھی اس طرح کے خواب دکھلاتا ہے جن خواب سے خواب دیکھنے والے کو اچانک تعبیر ہو جاتی ہے، جو اس کے ذہن میں محبت کا باعث بن جاتا ہے، کبھی اس طرح کے خواب دکھلاتا ہے جن خواب سے خواب دیکھنے والا اچانک خوفزدہ ہو جاتا ہے، کبھی اس طرح کے خواب دکھلاتا ہے جن خواب سے خواب دیکھنے والا اچانک خوش ہو جاتا ہے، کبھی اس طرح کے خواب دکھلاتا ہے جن خواب سے خواب دیکھنے والا اچانک غمگین

شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا محمد منظور احمد نعمانی (نور اللہ مرقدہ)

تعمیر دل کے چند اصول

اُمْلُ طلاب علم الاثر وا
اے علم کے طلبہ علم کے ساتھ خوشیاں مناؤ
فان العلم خیر من حاب
کیونکہ علم ابر باراں سے بہتر ہے
فما المطر حیوۃ الارض لکن
پس بارش کے ساتھ زمین کو زندگی حاصل ہوتی ہے
حیوۃ الروح بالعلم الصواب
لیکن ارواح وقلوب کو علم شریعت سے حیات حاصل ہوتی ہے
هو النور کل القلب
علم ایسا نور ہے جو ہر دل کو منور کرتا ہے
ویجلو صدأ الاذهان الطلاب
اور طلبہ کے ذہنوں سے زنگ کو دور کرتا ہے
وینبت الفروح منه روح
علم ایسا باغ ہے جس سے مختلف خوشبوئیں
و ریحان و عنقد من طیب
ریحان اور لونگ کے ہاروں کی مہک سے
هو البحر الصفی من خلیط
وہ ایسا بحر ہے جمکا پانی خس و خاشاک سے پاک ہے
یروی لین الارض و الصعاب
اور نرم و سخت ہر قسم کی زمین کو سیراب کرتا ہے

نگاہ داشت

عبادت ہے تو جہ کرنا واجب الوجود کی، حقیقت کی طرف اپنی ذات کا ہر ہر دھیان رکھنا۔ ذکر زبانی کی تکبیر ہوش و دم کی تکبیر میں گزر جاتی ہے۔

وقوف عددی

عدد خلق کی حفاظت کا نام ہے یعنی ذکر کو خاتق کرے تعدد ذکر سے۔

وقوف قلبی

قلب کی شرارت اور توجہات کا نام ہے۔ رابطہ مرشد اور مراقبات کا نام ہے۔ پس سالک کو چاہیے کہ اپنے دل کے اطراف پر پہرہ کے طور پر رہے۔

عصمت انبیاء و حفاظت اولیاء

حضرت امام رازیؒ نے فرمایا ہے:
"والمختار عندنا انه لم یصدر عنهم ذنب صغیرة ولا کبیرة من حین جاء تهم النبوة"
ہمارے نزدیک مختار یہ ہے کہ انبیاء کرام سے نہ تو کوئی صغیرہ گناہ سرزد ہوا ہے اور نہ کوئی کبیرہ گناہ کے وہ مرتکب ہوئے ہیں جس وقت سے کہ ان کو نبوت مل چکی ہے۔ (تفسیر خازن جلد دوم ص ۲۰۲)

حضرت امام الحکمتؒ فرماتے ہیں:
"والانبیاء علیهم السلام کلهم معصومون عن الصغائر والکبائر والکفر والقبائح ولا کانت منهم زلات وخطیات" (فقہ اکبر)
تمام انبیاء کرام صغائر، کبائر اور قبائح سے پاک اور معزز ہیں، یہاں تک کہ غلرتیں اور خطائیں بشری سرزد ہوتی ہیں۔

علامہ خاطی تاری شرح فقہ اکبر میں فرماتے ہیں:
"لم هذه العصمة ثابتة للانبیاء قبل النبوة وبعدها علی الاصح"
پھر عصمت انبیاء کے لیے نبوت سے قبل اور بعد ثابت ہے۔ نبوت سے قبل اور بعد انبیاء معصوم ہوتے ہیں۔

مسامرہ میں ہے:
والمختار عند جمهور اهل السنة العصمة عنهما ای عن الکبائر والصغائر غیر الصغرة خطأ وسهواً مع التنبیه علیه
مختار جمہور اہل سنت کے نزدیک انبیاء صغائر و کبائر سے معصوم ہوتے ہیں۔ اگر بھول وخطاء سے لغزش سرزد ہو جائے تو خدا کی جانب سے ان کو تنبیہ ہو جایا کرتی ہے۔

شاہ ولی اللہ دہلویؒ حجۃ اللہ میں فرماتے ہیں:
انبیاء معصوم اور اولیاء محفوظ ہوتے ہیں۔ معصوم وہ ہوتا ہے کہ پاکدوز اندگاہ کے پھر صدور گناہ اس سے محال ہو۔ اور محفوظ وہ ہے جس سے گناہ کا صدور ممکن ہو اگرچہ واقع نہ ہوتا ہو۔ اول مستلزم محال ہے اور ثانی ممکن غیر واقع ہے۔ (ملفوظات مرزیؒ)

☆.....☆.....☆

مراقبہ حضرت علیؓ بحالت نماز

